# Assignment II: Business Communication

**Course Code:** MMBA222CCT
**Maximum Marks:** 15

## Instructions

- Answer any **three** of the following five questions.
- Each question carries **5 marks**.
- Support your answers with suitable business examples wherever required.

## Questions

**1.** Explain the communication process with the help of a suitable diagram. Identify any two barriers that may disrupt this process and suggest ways to overcome them. **(3 + 2 = 5 marks)**

**2.** Distinguish between hearing and listening and briefly explain the stages of the listening process. How does effective feedback improve business communication? **(3 + 2 = 5 marks)**

**3.** Imagine that you have to deliver a business presentation to a diverse audience. Explain how you would prepare and deliver it effectively by applying the 4Ps of presentation, audience analysis, an appropriate method of speaking and suitable non-verbal communication. **(5 marks)**

**4.** A company is selecting a team leader through a group discussion followed by an interview. Explain the communication skills that should be assessed during:

a. The group discussion
b. The interview

Also state how negotiation skills can help the selected leader manage disagreements within the team. **(2 + 2 + 1 = 5 marks)**

**5.** An organisation has conducted a public meeting to discuss customer complaints. Based on this situation:

a. Prepare the main structure of a brief report on the meeting.
b. Draft a professional email forwarding the report to senior management.
c. Mention two principles of effective oral communication that should be followed while conducting such a meeting. **(2 + 2 + 1 = 5 marks)**

# Assignment II: Indian Economy and Business Environment

**Course Code:** MMBA223CCT **Programme:** MBA - Second Semester
**Maximum Marks:** 15

**ہدایات:**

- ذیل میں دیے گئے پانچ سوالات میں سے کسی بھی **تین** سوالات کے جواب دیجیے۔
- ہر سوال کے لیے **پانچ نمبر** مختص ہیں۔
- ہر سوال کے تمام اجزا کا جواب دینا ضروری ہے۔

**سوالات:**

**1.**
i ) معیشت (Economy) کے مفہوم اور خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔
ii) ہندوستانی معیشت کی نوعیت اور ڈھانچے کی وضاحت کیجیے۔
iii) اقتصادی نظام (Economic System) کی کسی ایک قسم (مثلاً سرمایہ دارانہ، اشتراکی یا مخلوط) کا نام بتائیے۔
(Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**2.** اقتصادی نمو (Economic Growth) اور اقتصادی ترقی (Economic Development) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ ہندوستان میں اقتصادی منصوبہ بندی (Economic Planning) سے کیا مراد ہے؟ نیز ہندوستان میں اقتصادی اصلاحات (Economic Reforms) کے مقاصد کی وضاحت کیجیے۔ (Marks 5 = 2 + 1 + 2)

**3.**
i ) زری پالیسی (Monetary Policy) کے مفہوم اور مقاصد کی وضاحت کیجیے۔
ii) زری پالیسی کے کسی دو اوزار (Tools) کی وضاحت کیجیے۔
iii) عالمی تجارتی تنظیم (World Trade Organization - WTO) کے مقاصد بیان کیجیے۔
(Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**4.**
i ) کاروباری ماحول (Business Environment) کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے میکرو (Macro) اور مائیکرو (Micro) ماحول کے درمیان فرق بیان کیجیے۔
ii) سیاسی ماحول (Political Environment) کی کسی دو خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔
iii) قانونی ماحول (Legal Environment) کے مفہوم کو بیان کیجیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**5.** کاروبار کو متاثر کرنے والے اہم آبادیاتی اور جغرافیائی عوامل (Ecological Environment) کی وضاحت کیجیے۔ سماجی و ثقافتی ماحول (Socio-Cultural Environment) کے کسی دو عناصر کی وضاحت کیجیے۔ نیز کاروبار پر تکنیکی ماحول (Technological Environment) کے اثرات بیان کیجیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

***

# Assignment II: Legal Aspects of Business

**Course Code:** MMBA224CCT **Programme:** MBA - Second Semester
**Maximum Marks:** 15

## ہدایات

- ذیل میں دیے گئے پانچ سوالات میں سے کسی بھی **تین** سوالات کے جواب دیجیے۔
- ہر سوال کے لیے **پانچ نمبر** مختص ہیں۔
- ہر سوال کے تمام اجزا کا جواب دینا ضروری ہے۔
- جہاں مناسب ہو، قانونی دفعات اور عملی مثالوں کے ذریعے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

## سوالات

**1.** انڈین کنٹریکٹ ایکٹ 1872 کے تحت ایک صحیح معاہدے (Valid Contract) کی بنیادی شرائط بیان کیجیے۔ نیز معاہدے کی حقیقی خلاف ورزی (Actual Breach) اور پیشگی خلاف ورزی (Anticipatory Breach) میں فرق واضح کرتے ہوئے کسی ایک قانونی تدارک (Remedy) کی وضاحت کیجیے۔
**(3 + 2 = 5 Marks)**

**2.** بیلمنٹ (Bailment) اور رہن (Pledge) میں فرق واضح کیجیے۔ نیز اشیاء کی فروخت کے قانون 1930 کے تحت شرط (Condition) اور ضمانت (Warranty) میں امتیاز کرتے ہوئے نادہندہ فروخت کنندہ (Unpaid Seller) کے کسی دو حقوق بیان کیجیے۔
**(2 + 3 = 5 Marks)**

**3.** کمپنیز ایکٹ 2013 کے تحت کسی کمپنی کے قیام میں میمورنڈم آف ایسوسی ایشن (MOA) اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (AOA) کی اہمیت بیان کیجیے۔ نیز کمپنی کے ڈائریکٹرز کے کسی دو اہم فرائض کی وضاحت کیجیے۔
**(3 + 2 = 5 Marks)**

**4.** ایک صارف نے آن لائن موبائل فون خریدا جو ناقص نکلا۔ اس کے ساتھ ہی اس کی ذاتی معلومات کا بھی غلط استعمال کیا گیا۔ اس صورت حال میں:

الف) کنزیومر پروٹیکشن ایکٹ 2019 کے تحت صارف کو حاصل حقوق اور ازالے کے طریقے بیان کیجیے۔
ب) انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکٹ 2000 اس صارف کو کس طرح قانونی تحفظ فراہم کرتا ہے؟
**(3 + 2 = 5 Marks)**

**5.** ایک نئی کمپنی نے منفرد نام، علامت اور کمپیوٹر سافٹ ویئر کے ساتھ اپنی مصنوعات متعارف کرائی ہیں۔ ایک بڑی حریف کمپنی اپنی غالب حیثیت کا غلط استعمال کرتے ہوئے اسے بازار سے باہر کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ وضاحت کیجیے کہ:

الف) نئی کمپنی اپنی دانشورانہ املاک (Intellectual Property) کو کس طرح محفوظ کر سکتی ہے؟
ب) مسابقتی ایکٹ 2002 اور مسابقتی کمیشن آف انڈیا (CCI) اس صورت حال میں کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟
**(3 + 2 = 5 Marks)**

# Assignment II: Financial Management and Planning

**Course Code:** MMBA225CCT **Programme:** MBA - Second Semester
**Maximum Marks:** 15

**ہدایات:**

- ذیل میں دیے گئے پانچ سوالات میں سے کسی بھی **تین** سوالات کے جواب دیجیے۔
- ہر سوال کے لیے **پانچ نمبر** مختص ہیں۔
- ہر سوال کے تمام اجزا کا جواب دینا ضروری ہے۔
- حسابی سوالات میں ضروری طریقۂ کار اور فارمولہ بھی تحریر کیجیے۔

**سوالات:**

1. مالی انتظامیہ (Financial Management) کے دائرۂ کار اور مالیاتی مینیجر کے کسی دو اہم افعال کی وضاحت کیجیے۔ منافع میں زیادہ سے زیادہ اضافے (Profit Maximization) اور حصص یافتگان کی دولت میں زیادہ سے زیادہ اضافے (Wealth Maximization) میں فرق واضح کیجیے۔ اگر آج ₹10,000 کی سرمایہ کاری 10 فیصد سالانہ شرح سے دو سال کے لیے کی جائے تو اس کی مستقبل کی قدر (Future Value) معلوم کیجیے۔ **(2 + 2 + 1 = 5 Marks)**

2. سرمایہ جاتی ساخت (Capital Structure) سے کیا مراد ہے؟ اس کے تعین پر اثر انداز ہونے والے اہم عوامل بیان کیجیے۔ نیز سرمائے کی اوسط لاگت (WACC) کی اہمیت واضح کرتے ہوئے آپریٹنگ، مالیاتی اور مرکب لیوریج (Leverage) میں فرق بیان کیجیے۔ **(2 + 1 + 2 = 5 Marks)**

3. ایک منصوبے کے لیے ابتدائی سرمایہ کاری ₹50,000 ہے۔ اس سے پہلے سال ₹30,000 اور دوسرے سال بھی ₹30,000 کا نقد بہاؤ حاصل ہونے کی توقع ہے۔ رعایتی شرح 10 فیصد ہے۔ پہلے اور دوسرے سال کے موجودہ قدر کے عوامل بالترتیب 0.909 اور 0.826 ہیں۔

4. a. منصوبے کی خالص موجودہ قدر (NPV) معلوم کرکے قبول یا مسترد کرنے کا فیصلہ کیجیے۔
b. سرماوی موازنہ سازی میں خطرے کے تجزیے (Risk Analysis) کے کسی ایک طریقے کی وضاحت کیجیے۔
**(3 + 2 = 5 Marks)**

5. ڈیویڈنڈ (Dividend) کی مختلف اقسام اور ڈیویڈنڈ کے فیصلے پر اثر انداز ہونے والے اہم عوامل بیان کیجیے۔ نیز والٹر، گورڈن اور موڈیگلیانی-ملر کے ڈیویڈنڈ نمونوں میں سے کسی دو کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔ **(2 + 3 = 5 Marks)**

6. ایک پیداواری کمپنی کو ضرورت سے زیادہ ذخیرے، صارفین سے رقم کی وصولی میں تاخیر اور نقد رقم کی کمی کا سامنا ہے۔ اس صورت حال کے تناظر میں:

   a. ورکنگ کیپٹل (Working Capital) اور ورکنگ کیپٹل سائیکل کا مفہوم واضح کیجیے۔
   b. ذخیرے، قابل وصول رقوم اور نقدی کے بہتر انتظام کے لیے مناسب اقدامات تجویز کیجیے۔
   **(2 + 3 = 5 Marks)**

# Assignment II: Business Research Methods

**Course Code:** MMBA226CCT **Programme:** MBA - Second Semester

**Maximum Marks:** 15

**ہدایات:**

- ذیل میں دیے گئے پانچ سوالات میں سے کسی بھی **تین** سوالات کے جواب دیجیے۔
- ہر سوال کے لیے **پانچ نمبر** مختص ہیں۔
- ہر سوال کے تمام اجزا کا جواب دینا ضروری ہے۔

**سوالات:**

1.

i ) بزنس ریسرچ کے مفہوم اور مقاصد کی وضاحت کیجیے۔
ii) بزنس ریسرچ کے کسی دو کلیدی پہلوؤں (Key Aspects) کی وضاحت کیجیے۔
iii) انفارمیشن سسٹم (Information System - IS) کے مفہوم کو بیان کیجیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**2.** تحقیقی عمل (Research Process) کے مراحل کی وضاحت کیجیے۔ تحقیقی ڈیزائن (Research Design) سے کیا مراد ہے؟ نیز اکتشافی تحقیق (Exploratory Research) اور توضیحی تحقیق (Descriptive Research) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ (Marks 5 = 2 + 1 + 2)

**3.** مؤثر مفروضہ سازی اور ڈیٹا اکٹھا کرنے کے لیے:
i) مفروضہ (Hypothesis) کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے کلی مفروضہ (Null Hypothesis) اور بدیلی مفروضہ (Alternative Hypothesis) میں فرق بیان کیجیے۔
ii) اولین ڈیٹا (Primary Data) اور ثانوی ڈیٹا (Secondary Data) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔
iii) نمونہ لینے کی کسی ایک تکنیک (Sampling Technique) کا نام بتائیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**4.** مؤثر پیمائش اور سوالنامے کی تیاری کے لیے:
i) پیمائش (Measurement) اور اسکیلنگ (Scaling) کے مفہوم کی وضاحت کیجیے۔
ii) ایک اچھے سوالنامے (Questionnaire) کی کسی دو خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔
iii) تحقیق میں ایڈیٹنگ (Editing) کے مفہوم کو بیان کیجیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**5.** تحقیق میں ڈیٹا کے تجزیے (Data Analysis) کی اہمیت کی وضاحت کیجیے۔ شماریاتی اوزار (Statistical Tools) میں سے مرکزی رجحان کے کسی دو اقدامات (Measures of Central Tendency) کی وضاحت کیجیے۔ نیز رپورٹ رائٹنگ (Report Writing) کے کسی ایک کلیدی مرحلے کا ذکر کیجیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

***

# Assignment II: Teaching and Learning

**Course Code:** PGED201GET **Programme:** MBA - Second Semester
**Maximum Marks:** 15

**ہدایات:**

- ذیل میں دیے گئے پانچ سوالات میں سے کسی بھی **تین** سوالات کے جواب دیجیے۔
- ہر سوال کے لیے **پانچ نمبر** مختص ہیں۔
- ہر سوال کے تمام اجزا کا جواب دینا ضروری ہے۔
- جہاں مناسب ہو، اپنے جواب کی وضاحت مثالوں کے ذریعہ کیجیے۔

**سوالات**

**1.** مؤثر تدریس کے لیے:

i) تدریس کے اغراض و مقاصد اور کسی دو تدریسی اصولوں (Principles of Teaching) کی وضاحت کیجیے۔
ii) درجہ جماعت کے نظم و نسق (Classroom Management) میں معلم کا کردار بیان کیجیے۔
iii) معلم کی کسی ایک پیشہ ورانہ اخلاقی ذمہ داری (Professional Ethics) کا ذکر کیجیے۔
**(2 + 2 + 1 = 5 Marks)**

**2.** اکتساب کے کسی ایک اہم نظریہ (Learning Theory) کی وضاحت کیجیے۔ اکتسابی منحنی (Learning Curve) اور اکتسابی سطح مرتفع (Learning Plateau) سے کیا مراد ہے؟ نیز بتائیے کہ ایک معلم، متعلمین کے انفرادی اختلافات (Individual Differences) اور اکتسابی اسالیب (Learning Styles) کو پیش نظر رکھتے ہوئے تدریس کو کس طرح مؤثر بنا سکتا ہے؟
**(2 + 1 + 2 = 5 Marks)**

**3.** اعلیٰ تعلیمی سطح (Tertiary Level) کے طلبہ کے لیے ایک متعلم مرکوز تدریسی منصوبہ تیار کیجیے۔ اس میں:

i) کسی دو موزوں تدریسی طرز رسائیوں (Teaching Approaches) کا انتخاب کیجیے۔
ii) کسی دو تدریسی طریقوں (Teaching Methods) کی وضاحت کیجیے۔
iii) کسی ایک اختراعی تدریسی تکنیک (Innovative Teaching Technique) کا استعمال تجویز کیجیے۔
**(2 + 2 + 1 = 5 Marks)**

**4.** اطلاعی و ترسیلی ٹیکنالوجی (ICT) نے تدریس و اکتساب کے عمل میں کیا اہم تبدیلیاں پیدا کی ہیں؟ آن لائن اور مجازی درجہ جماعت (Online and Virtual Classroom) کے نظم و نسق میں معلم کے بدلتے ہوئے کردار کی وضاحت کیجیے۔
**(3 + 2 = 5 Marks)**

**5.** ای اکتساب (e-Learning) اور ویب پر مبنی اکتساب (Web-Based Learning) میں فرق واضح کیجیے۔ نیز وسیع پیمانے کے آزاد آن لائن کورسز (MOOCs) کی اہم خصوصیات بیان کرتے ہوئے سویم (SWAYAM) کے چار حصوں پر مبنی طریقۂ کار (Four Quadrant Approach) کی مختصر وضاحت کیجیے۔
**(2 + 3 = 5 Marks)**

# Assignment II: Human Resource Management

**Course Code:** MMBA221CCT **Programme:** MBA - Second Semester

**Maximum Marks:** 15

**ہدایات:**

- ذیل میں دیے گئے پانچ سوالات میں سے کسی بھی **تین** سوالات کے جواب دیجیے۔
- ہر سوال کے لیے **پانچ نمبر** مختص ہیں۔
- ہر سوال کے تمام اجزا کا جواب دینا ضروری ہے۔

**سوالات:**

**1.**

i ) ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) کے مفہوم، اہمیت اور دائرہ کار کی وضاحت کیجیے۔

ii) ایچ آر ایم کے کسی دو افعال (Functions of HRM) کی وضاحت کیجیے۔

iii) موجودہ دور میں ایچ آر ایم کے کسی ایک ابھرتے ہوئے رجحان (Emerging Trend) یا چیلنج کا ذکر کیجیے۔

(Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**2.** ایچ آر اکاؤنٹنگ اینڈ آڈٹ (HR Accounting & Audit) کے مفہوم اور مقاصد کی وضاحت کیجیے۔ ہیومن ریسورس پلاننگ (Human Resource Planning - HRP) سے کیا مراد ہے؟ نیز کسی تنظیم کے لیے HRP کی اہمیت بیان کیجیے۔ (Marks 5 = 2 + 1 + 2)

**3.**

i ) بھرتی (Recruitment) اور انتخاب (Selection) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

ii) بھرتی کے کسی دو ذرائع (Sources of Recruitment) کی وضاحت کیجیے۔

iii) کیریئر پلاننگ (Career Planning) کے مفہوم کو بیان کیجیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**4.**

i ) کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) کے مفہوم اور اہمیت کی وضاحت کیجیے۔

ii) تربیت کی ضروریات کے تجزیے (Training Need Assessment - TNA) کے عمل کی وضاحت کیجیے۔

iii) کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model) کی چار سطحوں کے نام بتائیے۔ (Marks 5 = 1 + 2 + 2)

**5.** کسی نجی ادارہ میں درمیانے درجہ کے ملازم کے لیے ایک معاوضہ منصوبہ (Compensation Plan) تیار کیجیے۔ اس میں:

i) مقررہ تنخواہ کے ڈھانچہ (Fixed Salary Structure) کے کسی دو اجزا کا انتخاب کرتے ہوئے وضاحت کیجیے۔

ii) مراعات (Incentives) کی کسی ایک قسم کی وضاحت کیجیے۔

iii) ملازمین کی علیحدگی (Employee Separation) کے مفہوم اور اس کی کسی دو اقسام کی وضاحت کیجیے۔

(Marks 5 = 2 + 1 + 2)

***